لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

جمعرات 26 شعبان المعظم 1440ھ 2 مئی 2019ء 18 بیساکھ 2076ب

## وفاقی محتسب کا سیمینار آج ہوگا، صدر پاکستان مہمان خصوصی ہونگے

اسلام آباد (نئی بات نیوز) وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی مہم کے حوالے سے ایک اہم سیمینار آج (جمعرات) کو ایوان صدر اسلام آباد میں ہو رہا ہے۔ صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سیمینار کا افتتاح کریں گے۔ چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی اور اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے علاوہ ارکان پارلیمنٹ، اعلیٰ سرکاری حکام، دانشور، صحافی اور سول سوسائٹی کی نمایاں شخصیات کی بڑی اکثریت سیمینار میں شرکت کرے گی۔ وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی مہم کے حوالے سے یہ انتہائی اہم سیمینار ایوان (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 22)



صدر میں ہو رہا ہے۔ سیمینار سے صدر پاکستان کے علاوہ چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی، سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور وفاقی محتسب سید طاہر شہباز خطاب کریں گے جبکہ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر اعجاز احمد قریشی وفاقی محتسب کے بارے میں شرکاء کو بریفنگ دیں گے۔ صدر پاکستان اس موقع پر وفاقی محتسب کی موبائل ایپ کا بھی افتتاح کریں گے جس کے ذریعے وفاقی محتسب میں شکایات کا اندراج مزید آسان ہو جائے گا اور کوئی بھی شہری اپنے موبائل سے شکایت درج کروا سکے گا۔